بارگاہ رسالت مآبؐ میں، محمد شریف بقا۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

محمد شریف بقا، علامہ اقبال اور ان کے فکر و کلام سے دیرینہ وابستگی رکھتے ہیں۔ برطانیہ میں ذکر اقبال کا اہتمام کرنے کے ساتھ ساتھ، تشریحات اقبال کا سلسلہ بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس سے پہلے وہ علامہ کے انگریزی خطبات اور ایک معروف نظم کی شرح شائع کر چکے ہیں (بہ عنوان: خطبات اقبال پر ایک نظر- ابلیس کی مجلس شوریٰ)۔ اب بال جبریل کی نظم ''ذوق و شوق''، رموز بے خودی کے ایک حصے اور پس چہ باید کرد کے ایک حصے کی تشریح پیش کی ہے۔ انداز شرح یہ ہے: پہلے متن، پھر مشکل الفاظ و اصطلاحات کے معانی، بعد ازاں ''مطلب'' اور تشریح--- سیاق و سباق اور پس منظر بھی دیا جاتا تو قاری کے لیے تفہیم زیادہ آسان ہوتی۔ (ر-ہ)

تعارف کتب

☆ مسائل حج و عمرہ، قرآن و سنت کی روشنی میں، مولانا غلام محمد منصوری۔ ملنے کا پتا: مکتبہ برہان، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۴۱۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [حج کے اغراض و مقاصد، اہمیت، تیاری، اصطلاحات حج، اس کی فرضیت، فضیلت، حج بدل، مسائل احرام، اسی طرح عمرے کے مسائل، طریقہ حج کے ایام و اعمال، قربانی، سفر مدینہ، دعائیں، تصاویر مقامات مقدسہ وغیرہ--- ایک اچھی رہنما کتاب، خوب صورت طباعت]

☆ قرآن مجید کی پہلی کتاب، مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی۔ ناشر: مجلس نشریات اسلام، ۱-کے-۳ ناظم آباد مینشن، ناظم آباد نمبر۱، کراچی- ۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۱۲۵۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [سرورق: ''جسے پڑھ کر عربی زبان کی واقفیت کے ساتھ قرآن مجید کا ترجمہ آسانی سے کیا جا سکتا ہے''۔ اس کی پہلی اشاعت تقریباً ۶۰ سال پہلے عمل میں آئی تھی۔]

☆ القاسم، سید ابوالحسن علی ندوی نمبر، مدیر: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ پتا: جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد نوشہرہ (صوبہ سرحد)۔ صفحات: ۵۶۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کی حیات و سوانح اور علمی و دعوتی کارناموں پر ایک نئی کاوش۔ نئے پرانے مضامین کا عمدہ انتخاب۔ زیادہ تر قلم کار بھارت کے ہیں۔ ایک جامع مجموعہ]

☆ یادگل، مرتب: محمد عاقل خاں، ترتیب نو: ڈاکٹر رضوان ثاقب۔ کائنات پبلشرز، ۲۲ اے، شاہراہ فاطمہ جناح، لاہور۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [محمد زبیر خاں بابر (متعلم ایم بی بی ایس، سال چہارم اور اسلامی جمعیت طلبہ کے رکن) کو ہوسٹلوں میں بدکاری کے خلاف آواز بلند کرنے کی پاداش میں ۲۸ فروری ۱۹۸۸ء کو شہید کر دیا گیا تھا۔ یہ ایمان افروز کتاب ان کے حالات، یادوں، باتوں، واقعات، خطوط اور تاثرات کا مجموعہ ہے۔ یہ دوسرا نظر ثانی شدہ ایڈیشن رضوان ثاقب نے اہتمام کے ساتھ خوب صورت انداز میں چھاپا ہے]